22963 ـ کھیلوں اور ورزش میں نیکر پہننے کا حکم

سوال

میں باسکٹ بال کا کھلاڑی ہوں، اور اس لیے میں ورزش اور میچ کے وقت شرٹ اور نیکر پہنتا ہوں، تو کیا یہ حرام ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر ورزش کسی واجب اور فرض چیز میں رکاوٹ نہ بنے تو وہ ورزش جائز ہے، لیکن اگر وہ کسی واجب اور فرض کردہ چیز سے روک رہی ہے تو پھر وہ حرام ہو گی، اور اگر وہ انسان کی عادت ہی بن جائے کہ اکثر وقت وہی کام کرتا رہے تو پھر وہ وقت ضائع کرنے کا باعث ہے، اور اس حالت میں کم از کم مکروہ ہوگی.

لیکن اگر ورزش یا کھیل کے وقت اس نے صرف نیکر پہن رکھی ہے جس سے اس کی ران یا اس کا اکثر حصہ نظر آ رہا ہو تو یہ جائز نہیں، کیونکہ صحیح یہی ہے کہ نوجوانوں کے لیے اپنی رانوں کو ڈھانپنا واجب ہے، اور اس حالت میں جب ان کھلاڑیوں کی رانیں ننگی ہوں تو انہیں دیکھنا جائز نہیں.